© rasailojaraid.com



کیئے ہیں اور مثالیں دے کر بات کو واضح کیا ہے ۔

نوٹ = آخرالذکر پانچوں کتب کے ملنے کا پتہ " رباط العلوم السلامیہ 268 عالمگیر روڈ کراچی نمبر5 فون نمبر410482 "

تمام کتب و رسائل کتابت و طباعت کے لحاظ سے بھی معیاری ہیں ۔

## نام کتاب = حیاء کا مقام

مصنف = ابو اسامہ سلیم الہلالی

مترجم = مولانا محمد اسلم حنیف صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی

ناشر = الفاروق پبلیکیشنز شارع الفاروق رحیم یار خان

فاضل دوست مولانا محمد اسلم حنیف صاحب رحیم یار خان کے شعبہ تحقیق و تالیف کے مدیر ہیں ۔ ماشاء اللہ بہت اچھا علمی کام کر رہے ہیں ۔ زیر نظر رسالہ اپنے موضوع میں شاہکار کی حیثیت رکھتا ہے ۔ سعودی عرب میں اس کتاب کی ریکارڈ فروخت ہوئی ہے ۔ ہر نوجوان کو بالخصوص ہماری بہنوں کو اس کتاب کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے ۔ قیمت 10 روپے ہے ۔ کتاب کی کمپوزنگ بذریعہ کمپوٹر کی گئی ہے ۔ بہت اچھا کاغذ استعمال کیا گیا ہے ۔

© rasailojaraid.com